## سوال

(911) برتھ کنٹرول کے لیے عزل کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بچوں کی اچھی تربیت کرنے کی وجہ سے برتھ کنٹرول کی کونسی صورت جائز ہے۔ اپریشن، انجیکشن یا مرد کا عزل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ (۳۰ دسمبر ۱۹۹۴ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اچھی تربیت سے مقصود اگر کم بچے ہیں۔ تو یہ درست نہیں کیونکہ احادیث میں تکثیر اولاد کی ترغیب ہے۔ بوقت ضرورت فعل عزل مع الکراہت درست ہے۔ دوسری ذکر کردہ صورتوں سے اقرب معلوم ہوتی ہے۔ عزل کی تعریف: 'اَلنَّزْعُ بَعْدَ الْاِیلَاجِ لِیُنْزِلَ خَارِجَ الْفَرْجِ' (فتح الباری: ۹/۳۰۵)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### جلد: 3، متفرقات: صفحہ: 622

محدث فتویٰ